!!____کاشی کیا بات ہے تم گھبرائے ہوئے کیوں لگ رہے ہو

عثمان راؤ نے کاشی سے پوچھا

راؤ صاحب آپ سے ایک بات کہنا چاہتا ہوں پر چھوٹے راؤ صاحب سے ڈر لگ رہا______!!

کاشی نے ڈرتے ڈرتے کہا

ڈرو مت میں گارنٹی دیتا ہوں کہ وہ تمہیں کچھ نہیں کہے گا_____کھل کر بتاؤ کیا بات ہے____!

اس نے بے پروائی سے کہا

کاشی نے ڈرتے ڈرتے اس سارے ہونے والا سارا واقعہ بتا دیا کہ کس طرح ریحان بیچ میں آیا اور قتل ہو گیا....!! بات سن کر عثمان راؤ کا دماغ گھوم گیا_____وہ تو سچ میں یہی سمجھ رہا تھا کہ ریحان کا قاتل اسد ہے_____حقیقت کا علم تو اسے اب ہوا تھا....!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

راؤصاحب مجھے ڈر ہے کہ اگر وہ لڑکی بچ گئی تو ہم میں سے کوئی نہیں بچے

!!_____گا_________اس لیے احتیاط کے پیشِ نظر آپ کو بتا رہا ہوں

کاشی دوبارہ گویا ہوا

!!_____ ٹھیک ہے تم جاؤ میں سنبھال لوں گا

!!____اس نے کچھ دیر بعد کاشی کو ہاتھ سے جانے کا ااشارہ کیا

کچھ دیر تک وہ یونہی سوچوں میں گم صم بیٹھا رہا اور پھر موبائل پر کسی کا نمبر ڈائل کیا اور اس سے بات کرنے لگا

اسد جیل میں بیٹھا دیوار سے ٹیک لگائے سوچوں میں گم تھا____کہ پتہ نہیں مشال اس کے بارے میں کیا سوچ رہی ہو گی________کیا وہ بھی باقی لوگوں کی طرح یہی سمجھ رہی ہو گی کہ ریحان کا قاتل میں ہوں__________نہیں نہیں وہ ایسا نہیں سوچ سکتی_____اس نے خود ہی اپنے سوچ کو رد کر دیا...آخر کون تھا جس نے اتنی بے دردی سے اس کو مار ڈالا....!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!_____سر آپ سے کوئی ملنے آیا ہے

سپاہی نے آکر اطلاع دی

اسد نے سوچا شاید اس کے پاپا اس سے ملاقات کے لیے آئے ہیں_____لیکن اس وقت

!!_____اس کی حیرت کی انتہا نا رہی جب اس نے وصی کو دیکھا

!!_____وہ تقریباً بھاگتے ہوئے سلاخوں تک پہنچا

و......وصی تم_____تو آگیا میرے یار مجھے پتہ تھا کہ میں مشکل میں ہوں اور میرا

!!____دوست نا آئے ایسا ہو نہیں سکتا

اس نے جوش کے عالم میں سلاخوں کی درمیانی جگہ سے ہاتھ ڈال کر وصی کے ہاتھوں کو

اپنے ہاتھوں میں لے لیا_____مشکل میں ہونے کہ باوجود وہ مسکرا رہا تھا اس کو لگ رہا

تھا جیسے اسے کسی نے زندگی کی نوید سنا دی ہے_____وصی اس کو اس حالت میں دیکھ کر

جزبات پر قابو نا رکھ سکا_____اور زور سے آنکھیں بھینچ کر آنے والے آنسوں کو

!!____روکنا چاہا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وصی.........کیا ہوا میری جان_____تو پریشان کیوں ہے____اور.....اور یہ

!!____دیکھ تم نے اپنی حالت کیا بنا رکھی ہے

!!...اسد وصی کی آنکھوں میں آنسو دیکھ کر بے چین ہو گیا

اور.....اور کہاں تھا تو؟؟ تمہیں پتہ ہے میں نے تجھے کہاں کہاں نہیں

ڈھونڈھ_______وصی کی آنکھوں بے بے آواز آنسو اسد کے ہاتھوں پہ جا

!!_____گرے

وصی.......؟ کیا بات ہے کسی نے کہا ہے کچھ اور....اور تم مجھ سے بات کیوں نہیں کر

!!!رہے

!!...اسد کے چہرے پر خوشی کی جگہ سنجیدگی نے لے لی

کچھ نہیں اسد........بس پتہ نہیں کیوں تمہیں دیکھ کر سارے درد جاگ اٹھے

!!___ہیں

وصی نے آنسوں کو صاف کرتے ہوئے جواب دیا

!!........اور تو بتا تو.......یہاں کیسے اور یہ سب کیا سن رہا ہوں کہ......تو نے ریحان

وصی فقرہ ادھورا چھوڑ دیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

______تجھے لگتا ہے کہ میں کسی کا قتل کر سکتا ہوں

اسد نے الٹا سوال کیا

!!...نہیں میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ میرا دوست کسی کا قتل نہیں کر سکتا

وصی نے یقین سے کہا

!!...اسد جواب میں مسکرایا

لیکن یہ سب کیا ہے اسد میں سمجھ نہیں پا رہا!!!؟؟

وصی حقیقت جاننے کے لیے بے چین تھا

اسد نے اس کے جانے کے بعد مشال سے ہونی ہونے والی ملاقات سے لے کر پھر ذیشان

راؤ کا درمیان میں آنا اور پھر اس کو وصی کے بارے میں اطلاع ملنا اور گرفتار ہونے تک کی

ساری باتیں بتا دیں______وصی نے ساری باتیں سننے کے بعد سر ہلایا جیسے کسی فیصلے پر

!!.....پہنچ چکا ہو

!!____ہونہہہہ.........تم فکر نا کرو میں تمہیں کچھ نہیں ہونے دوں گا

وصی نے اسد کے ہاتھ کو تھپتھپایا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

قسمت کی بات ہے جب آخری بار ملے تھے تو میں باہر اور تو سلاخوں کے پیچھے

تھا_____!!______اور آج میں سلاخوں کے پیچھے اور تم باہر ہو

اسد مسکرایا

اچھا میری بات غور سے سنو اسد............تم کسی کو یہ نہیں بتاؤ گے کہ میں تم سے

ملنے آیا تھا....!!

وصی نے تاکید کی

لل....لیکن کیوں...؟

اسد نے حیرت سے پوچھا:::

وہ....!! میں تمہیں بعد میں بتاوں گا ابھی تم اس کو راز رکھو

وصی نے دوبارہ تاکید کی

اور ہاں میں تمہیں ملنے آتا رہوں گا اور انشاءاللہ ایک دن تم باعزت ہو کر یہاں سے نکلو

گے_____!!

وصی تم.........کیا کرنے والے ہو....؟

اسد کی آنکھوں میں سوال تھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Kaho to Laut jate Hain | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!____کہانا راز میں رہنے دو سب پتہ چل جائے گا

وصی معنی خیز انداز میں مسکرایا جیسے وہ بہت کچھ جانتا ہو....!!اس کے بعد وہ کچھ دیر اور اس سے باتیں کرتا رہا جب تک ملاقات کا وقت ختم نہیں ہو گیا_____اور پھر بہت جلد آنے کا وعدہ کر کے چلا گیا...!!

مشال کے ماں باپ نے اس سے بات کرنا چھوڑ دیا تھا کبھی کبھی کوئی مطلب ہوتا تو ہاں یا نا میں جواب ملتا اس سے زیادہ کچھ نہیں______مشال بے چاری اکیلی کمرے میں گم صم بیٹھی رہتی اور اسد کے بارے میں سوچتی رہتی____!!

اسد تم نے اچھا نہیں کیا_____میں تجھے کبھی کبھی معاف نہیں کر سکوں گی______تو نے میرے بے گناہ بھائی کو قتل کیا ہے اور معصوم بانو کو موت کے بستر تک پہنچا دیا ہے____میں سوچ بھی نہیں سکتی تھی کہ تم ایسا کر سکتے ہو____!!

اس نے خود کلامی کی

وہ بھی اوروں کی طرح اسد کو قصور وار سمجھ رہی تھی________لیکن پتہ نہیں کیوں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کا دل اس بات کو تسلیم کرنے سے انکار کر رہا تھا

SHO کے آفس میں بیٹھا تھا عثمان راؤ

!!....سر آپ کو آنے کی کیا ضرورت تھی مجھے حکم کیا ہوتا میں حاضر ہو جاتا

اس نے متانت سے کہا

صاحب یہ لڑکا جیل سے سیدھا گھر کی بجائے SHO میری بات غور سے سن لیں

!!____قبرستان جانا چاہیے

عثمان راؤ نے ایس ایچ او سے کہا

!!...سر آپ فکر نہ کریں میں اس کو پھانسی کے پھندے تک پہنچا کر دم لوں گا

ایس ایچ او نے جواب دیا

!!____اور ہاں تمہارا خرچا پانی تمہیں پہنچ جائے گا

عثمان راؤ نے اٹھتے ہوئے کہا

!!___سر اس کی کیا ضرورت ہے پہلے ہی آپ کے ہم پر بہت احسان ہیں

دبی دبی ہنسی ہنسا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!_____اس کے علاوہ کسی اور چیز کی ضرورت ہو تو بلا جھجک مجھے بتا دینا

!!...وہ اس کی بات کو نظر انداز کر کے چلا گیا

خبردار اگر تم نے کو حرکت کی تو......پہلے ہی تمہاری بے وقوفی کی وجہ سے پتہ نہیں کہاں کہاں خوار ہو رہا ہوں______وہ دو ٹکے کے آفسر جو میرے جو ہر وقت میری خوشامدوں لگے رہتے تھے آج مجھے خود چل کر ان کے پاس جانا پڑا________صرف !!____تمہاری وجہ سے

عثمان راؤ غصے سے ذیشان پر چلایا اور وہ سر جھکا کر کھڑا تھا

!!!پپ......پاپا وہ غلطی ہو گی مم......معاف کر دیں

ذیشان پہلی بار باپ کے غصے سے ڈر گیا تھا

غلطی.....؟؟؟________تمہاری نظر میں یہ غلطی ہے_______اور اگر وہ لڑکی بچ گی تو مجھے تمہیں بچانا مشکل ہو جائے گا اور اب دعا کرو کہ وہ مر جائے پھر وہ لڑکا جیل سے !!_______نہیں نکلے گا

!!...اس نے کوئی جواب نہیں دیا اور کھڑا رہا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اب دفعہ ہو جاو میری نظروں کے سامنے سے........ورنہ میں تمہاری شکل بگاڑ دوں گا

!!...عثمان راؤ غصے میں چیخا

وہ جلدی سے سر جھکائے وہاں سے رفو چکر ہو گیا

راو صاحب........راؤ صاحب میں وزیر اعظم بن گیا...........میں وزیر اعظم بن

گیا.....!!

کاشی دور سے چلاتا ہوا ذیشان کی طرف آ رہا تھا

!!...کیا بکواس کر رہے ہو.....!!اور تمہاری شکل پر بارہ کیوں بجے ہوئے ہیں

ذیشان نے اسے ڈانٹ دیا

راؤ صاحب وہ لڑکی بچ گئی ہے ______ ڈاکٹرز کہہ رہے ہیں کہ اب اس کی جان خطرے

سے باہر ہے لیکن ابھی وہ ہوش میں نہیں آئی!!

!!___ایک زوردار تھپڑ اس کے منہ پر لگا

منحوس آدمی ہمیشہ کوئی بری خبر ہی لے کر آتے ہو _______ اگر پاپا کا ڈر نا ہوتا تو میں

!!____تمہیں بھی جان سے مار دیتا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!____کاشی ڈرا سہاایک طرف سرجھکا کر کھڑا ہو گیا

!!_____ وصی بیٹا کیسے ہو اور کیسے آنا ہوا ہماری طرف

!!_____عثمان نے وصی سے پوچھا

بس سر وہ میں کچھ کام کے سلسلے میں آیا تھا سوچا آپ سے ہیلو ہائے کرتا

!!!______چلوں

وصی نے مسکرا کر جواب دیا

!!_____ یہ تو تم نے بہت اچھا کیا

!!عثمان راؤ نے جوابی مسکراہٹ کے ساتھ کہا

اچھا انکل وہ جو ذیشان کے ہونے والے سسر کا بیٹا قتل ہوا تھا اس کا کیا

!!____بنا________ قاتل کو سزا ہو گی

!!____وصی نے اچانک سوال کیا

عثمان راؤ کے چہرے پر ایک رنگ سا آ کر گزر گیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Kaho to Laut jate Hain | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہا......ہاں ہو جائے گی سزا کیس چل رہا عدالت میں____!!!

عثمان راؤ اچانک سوال سے ہڑ بڑا گیا

اس نے اپنا جرم قبول کر لیا______!!

وصی نے پھر سوال کیا

نن....نہیں ابھی تک جرم تو قبول نہیں کیا پر بہت جلد اس کے خلاف ثبوت مل جائیں

گے____اچھا بیٹا تم نے کھانا کھایا!!

عثمان اس گفتگو سے جان چھڑوانا چاہتا تھا

کہیں ایسا تو نہیں کہ قاتل کوئی اور ہو اور اس کو محض شک کی بنا پر گرفتار کیا گیا

ہے_____کیونکہ ثبوت تو اب تک عدالت میں پیش ہو جانے چاہیں____!!

عثمان راؤ کی گبھراہٹ اسے شک میں ڈال رہی تھی اسے محسوس ہوا کہ دال میں کچھ کالا

ہے____!!

سر کھانا تیار ہے!!

ملازم نے اطلاع کی

ٹھیک ہے سر میں پھر کھانا کھالوں بہت بھوک لگی ہے______!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاں........ضرور کسی بھی چیز کی ضرورت ہو تو بتا دینا

جی ضرور بہت شکریہ

وصی اٹھ کر چلا گیا لیکن عثمان راؤ ابھی تک کسی سوچ میں گم تھا

اسد کو عدالت میں پیش کر دیا گیا________اسد کا باپ حیدر علی اپنے تعلقات کا ہر طرح سے استعمال کر رہا تھا_____اس نے بڑے سے بڑا وکیل کروایا تھا.......اسد کا ریحان کے گھر جا کر اس سے مار پیٹ کرنا اور دھمکیاں دینا اس کیس کو کمزور کر رہا تھا جس کا دفاع کرنا ان کے لیے مشکل ہو رہا تھا اور اور معزز جج فیصلہ کرنے سے پہلے بانو کے ہوش میں آنے کا انتظار کر رہے تھے تا کہ سچ اور جھوٹ کا پتہ چل سکے___________ادھر عثمان راؤ پانی کی طرح پیسا بہا رہا تھا اور وہ جلد از جلد اس کیس کا فیصلہ چاہتا تھا کیونکہ وہ جانتا تھا کہ تاخیر اس کے بیٹے کے لیے مصیبت بن سکتی ہے________لیکن حیدر علی کا وکیل بانو کی بے ہوشی کا سہارا لے کر کیس کو لمبا کھینچ رہا تھا کیونکہ وہ اچھی طرح جانتے تھے کہ بانو کے ہوش میں آنے کی صورت میں فیصلہ ان کے حق میں آ سکتا ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اچھا کاشی یہ جو لڑکا اسد پکڑا گیا ہے______اس کی ریحان کے ساتھ کیا دشمنی تھی؟؟

!!...وصی نے کاشی سے سوال کیا

گھر میں ذیشان کے پاس آیا تھا جبکہ اب وہ وصی کے ہتھے چڑھ گیا تھا جس نے دعا سلام کے

!!______بعد ہی سوال جواب شروع کر دیئے تھے

وصی صاحب وہ لڑکا اس کی بہن سے شادی کرنا چاہتا تھا ان لوگوں نے اسے انکار کر کے

چھوٹے راو صاحب کے ساتھ اس کی بہن کا رشتہ تہہ کر دیا______پتہ چلنے پر اسد نے

گھر میں گھس کر ریحان کو مارا اور جان سے مارنے کی دھمکیاں بھی دی...______اور اس

!!!______رات موقع پا کر بے چارے کا قتل کر دیا

!!___کاشی نے ایک ہی سانس میں ساری بات بتا دی

لیکن میں نے تو سنا ہے اس رات وہ لاہور میں تھا اور اس بات کا ان کے پاس ثبوت بھی

!!___ہے

وصی نے پہلا حملہ کیا

کک......کیا.........اچھا اس بات کا تو مجھے پتہ نہیں ہے____میں چھوٹے راؤ

!!.......صاحب سے مل کے آتا ہوں مجھے ان سے کوئی ضروری کام ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!________وہ کا جواب سنے بغیر تیزی سے ذیشان راؤ کے کمرے کی طرف گیا

!!.....راؤ صاحب.......راؤ صاحب

وہ ذیشان کے کمرے میں داخل ہوتے ہی پکارا

کیا مصیبت ہے یار ہر وقت ڈرے ڈرے کیوں پھرتے ہو________اب کونسی قیامت

!!____آ گئی ہے جو تمہاری سانس پھولی ہوئی ہے

!!...ذیشان راؤ نے کاشی کی کتوں والی کردی

!!______راؤ صاحب بات ہی کچھ ایسی ہے

ذیشان نے اس کو دیکھا اور ہاتھ میں پکڑی سگریٹ کو کش لگایا

کونسی بات؟؟

سننے میں آیا ہے کہ اسد اس رات لاہور میں تھا اور اس بات کا ثبوت بھی حاصل کر لیا ہے

!!________ ان لوگوں نے

بات کر کے کاشی نے ذیشان کی طرف دیکھا

لیکن پاپا تو کہہ رہے تھے کہ جس ہوٹل میں وہ ٹھرے تھے انہوں نے اس کے مینجر سے

کہہ کر وہ ریکارڈ ختم کروا دیا تھا______تو پھر یہ کیسے ممکن ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

راؤصاحب اب کیا ہو گا اگر پولیس کو شک کو گیا کہ........ریحان کا قتل اسد نے نہیں

!!....بلکہ آپ نے کیا ہے تو ہم تو مارے جائیں گے

کاشی آنے والے وقت کا سوچ کر ہی کانپ رہا تھا

بکواس بند کر________اور خبر دار آآئندہ میرے سامنے بھی یہ کہا تو جان سے مار ڈالوں

گا____پہلے تو پاپا کی وجہ سے چھوڑ دیا تھا اب نہیں چھوڑوں گا

!!_____ذیشان راؤ نے غصے میں اس کی گردن دبوچ لی

غ......غلطی ہو گی......راؤصاحب آئندہ ایسا نن.........نہیں ہو گا

کاشی نے ہاتھ جوڑ کر کہا

چل دفعہ ہو یہاں پھر میرا دماغ خراب کرنے مت آجانا

اس نے کاشی کو باہر جانے کا اشارہ کیا

وہ ہانپتا کانپتا باہر نکل گیا

وصی کیسا رہا پھر اسلام آباد کا دورہ؟؟

!!____عامر نے وصی کے آفس میں داخل ہوتے ہی پہلا سوال کیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!____ فرسٹ کلاس یار بہت اچھا ٹائم گزرا

وصی نے عامر سے ہاتھ ملاتے ہوئے جواب دیا

مجھے تو لگا تھا شاید تم وہاں نہیں جاؤ گے______اور مجھے خود میٹنگ کے لیے جانا پڑے گا_____ لیکن تھینکس گاڈ کہ حیرت انگیز طور پر تم نے حامی بھر لی اور میرے سر سے جیسے بوجھ اتر گیا____!!

مجھے ہمیشہ سے سرپرائز دینے کی عادت ہے____جہاں لوگوں کو لگتا ہے یہ نہیں ہو سکتا میں اسی کو کرنے کی جستجو میں لگ جاتا ہوں_______!!

وصی نے مسکراتے ہوئے جواب دیا

ارے واہ کافی دنوں بعد آج تمہارا موڈ کچھ اچھا لگ رہا ہے_____ لیکن کوئی لڑکی تو پسند نہیں آ گئی

عامر نے شرارت کی___!!

ہاں شاید _____!!

اس کا جواب مختصر تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!_____ضرور بتاؤں گا لیکن ابھی نہیں

اس نے بات کو ٹالا

!!____ اوکے ایز یو وش

عامر نے ہاتھ اٹھائے

کیا خیال بھوک لگی ہے____؟؟

وصی نے بات بدلی

بہت اچھا خیال کہیں باہر چل کر کھاتے ہیں_____کنول بھی بس پہنچنے والی ہو گی آتی ہے

!!_____تو مل کر چلتے ہیں

عامر نے اس کی بات کا مثبت جواب دیا

!!_____اوکے باس

وصی نے کندھے اچکائے

ہسپتال میں پڑی بانو سے زندگی اور موت کی لڑائی میں آخر کار جیت موت کی ہوئی اور وہ

ہوش میں آئے میں بغیر زندگی کی بازی ہار گئی اور مشال نے بھائی کے بعد ایک بہترین

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Kaho to Laut jate Hain | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

دوست کو بھی ہمیشہ کے لیے کھو دیا ایک بار پھر صف ماتم بچھ گئی______ایک بار پھر مشال کو منحوسیت کے طعنے سننے پڑے______ایک بار پھر کوئی پھوٹ پھوٹ کر رویا________ایک بار پھر کوئی اندر سے کرچی کرچی ہو گیا_____لیکن جہاں ایک طرف موت پر ہزاروں آنکھیں نم تھیں_______وہی کچھ لوگ خوشیاں منا رہے تھے اور ان میں سب سے زیادہ خوش ذیشان اور عثمان راؤ تھے کیونکہ ایک بار پھر مکر و فریب کی جیت ہونے والی تھی وہ اس لیے کہ سچ بانو کی شکل میں مر گیا تھا جو اسد کے بے گناہ ہونے کی گواہی دیتا________ذیشان راؤ اور کا باپ اداس چہرے کے ساتھ بانو کے گھر والوں کے ساتھ ان کے غم میں برابر کے شریک تھے______لیکن ان کے دل اس وقت خوشی سے ہواؤں میں اڑ رہے تھے______________افسوس صد افسوس کہ ہم لوگ ایسے معاشرے میں رہتے ہیں جہاں کسی کے مرنے پر صرف زبان سے افسوس کا اظہار کیا جاتا ہے دل سے نہیں_______!! 😢😥

جب اسد کو بانو کی موت کی خبر ملی تو وہ بہت اداس ہوا کیونکہ وہ ان دونوں کی بہترین راز دان تھی______!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسد بیٹا تم فکر نا کرو ہم پوری کوشش کر رہے ہیں_____ہم تمہیں کچھ نہیں ہونے دیں گے____!!

حیدر علی نے اسد کو تسلی دی

پاپا میں صرف بانو کی موت پر اداس ہوں____اپنے لیے نہیں_______کیونکہ مجھے کسی____!! نے کہا تھا کہ جب تک میں زندہ ہوں تمہیں کچھ نہیں ہو گا

____!! اسد نے باپ کو حیرت میں ڈال دیا

اگر تم یہ سمجھ رہے ہو کہ مشال تمہیں بچا لے گی تو یہ تمہاری غلط فہمی ہے____کیونکہ ______!! میں کوشش کر چکا ہوں_____وہ تمہارا نام بھی سننے کو تیار نہیں

حیدر کے چہرے پر اداسی چھا گئی

پاپا آپ مشال سے ملنے گئے تھے؟؟

___!! اسد نے سوال کیا

____!! ہاں بیٹا

..!! حیدر علی نے آہستہ سے جواب دیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

لیکن کیوں پاپا...؟؟

اسد کو شاید باپ کا مشال کے پاس جانا برا لگا

جس کا جوان اور اکلوتا بیٹا قتل کے کیس میں اندر ہو اسے کہاں چین آتا

ہے_________ میں بھی اپنے بیٹے کی زندگی کے لیے اس کے پاس گیا تھا

_________ لیکن اس نے بھی دھتکار دیا

حیدر کی آنکھوں میں نمی آگئی

!!____ کم آن پاپا کچھ نہیں ہو گا مجھے آپ مت پریشان ہوں

اسد نے باپ کی ہمت بندھائی

حیدر علی نے پیار سے اسد کے رخساروں پر ہاتھ پھیرا اور کوئی بات کئے بنا ہی وہاں سے چلا گیا

بانو کی موت کو ہفتے سے زیادہ کا عرصہ ہو گیا تھا_________ مشال اس کے جانے کے بعد بڑی اداس سی رہنے لگی تھی نا کسی سے بات کرتی نا خود کھانا کھاتی______ اگر کوئی دے دیتا تو کھا لیتی ورنہ ایسے ہی بھوکی پیاسی کمرے میں بند پڑی رہتی______ اس کی اس حالت

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کو دیکھ کر اسے کی ماں نمرہ اور باپ بھی پریشان ہو گے_______نمرہ ساری باتیں بھول کر اس سے بات کرنے لگی____اسے حوصلہ دیتی اس کا دھیان بٹانے کی کوشش کرتی کہ شاید وہ سہی ہو جائے اور پہلے کی طرح سب سے ہنسی مذاق کرے_____لیکن دن بدن اس کی حالت بگڑتی جا رہی تھی اس کی ماں ایک دو بار اسے ڈاکٹر کے پاس بھی لے کر گئی لیکن کوئی فائدہ نا ہوا______!!

یہ کسی بہت بڑے شاک سے گزری ہیں_____آپ کوشش کریں کہ ان کو زیادہ سے زیادہ خوش رکھیں____!!

ڈاکٹر نے جواب دیا

امی مجھے قبرستان جانا ہے____!!

....کافی دنوں سے خاموش مشال آج پہلی بار بولی

قبرستان........کیوں بیٹا؟

اس کی ماں نے جلدی سے پوچھا

امی میں بھائی اور بانو کی قبر پہ جانا چاہتی ہوں____!!

اس نے ماں سے التجا کی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

لیکن بیٹا....... تمہاری طبیعت ٹھیک نہیں ہے______ڈاکٹر نے تمہیں کسی ایسی جگہ پر جانے سے منع کیا ہے______!!

ماں نے اسے سمجھایا

نہیں امی پلیز میرا دل کر رہا ہے بھائی اور بانو سے باتیں کرنے کو______!!

مشال نے ضد کی

نمرہ پریشان ہو گی لیکن مجبوراً اسے اجازت دینا پڑی

اچھا ٹھیک ہے میں تمہارے ساتھ چلتی ہوں______!!

نمرہ نے حامی بھری

نہیں امی میں اکیلی جاؤں گی____!!

اس نے ایک بار پھر اکیلا جانے کی ضد کی____!!

میری جان اس حالت تم اکیلی کیسے جاؤ گی؟

نمرہ نے پیار سے سمجھایا

امی آپ بھی نا حد کرتی ہیں وہاں بھائی اور بانو بھی ہیں اکیلی کہاں ہوں____!!

اس کی جھیل جیسی خوبصورت آنکھوں سے آنسو رواں ہو گے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Kaho to Laut jate Hain | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

نمرہ نے بے بسی سے مشال کی طرف دیکھا اور اسے سینے سے لگا کر زارو قطار رونے لگی

بھائی آپ مجھ سے ناراض ہیں نا؟؟ اسی لیے آپ مجھ سے بات نہیں کر رہے........

میں مانتی ہوں بھائی بہنوں میں لڑائیاں ہو جاتی ہیں______ میں نے ایک بے وفا کی خاطر آپ لوگوں کا دل دکھایا______ میں ایک ایسے انسان سے محبت کر بیٹھی جو میرے بھائی کا قاتل نکلا______ جس نے میری سب سے اچھی سہیلی کو مجھ سے ہمیشہ کے لیے دور کر دیا______ میں ایک ایسے انسان سے کیسے محبت کر سکتی ہوں______ مجھے نفرت ہونے لگی ہے خود سے بھی اور اس سے بھی______ لیکن پھر بھی نا چاہتے ہوئے میں اس کے بارے میں کیوں سوچتی ہوں____!!

وہ ریحان اور بانو کی قبر پر بیٹھی باتیں کرتی جا رہی تھی اور اس کا دامن آنسوں تر تھا____!!

بانو تم کہتی تھی نا کہ تم اپنے ساتھ ساتھ مجھے بھی مرواو گی______ دیکھا تمہاری بات سچ نکلی تم میری وجہ سے ماری گی____ اور........ میں............... جیتے جی مر گئی ہوں (اس کی ہچکی بندھ گی)________ پتہ ہے بانو وہ اب بھی میرے خوابوں میں آتا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہے________اور میں اسے اپنے خوابوں سے نکال بھی نہیں سکتی_______بانو کیا

محبت اتنی خود غرض ہوتی ہے کہ انسان_____اپنے بھائی کے قاتل کو بھی اپنے خواب

سے نہیں نکال سکتا صرف اس لیے کہ وہ اس سے محبت کرتا ہے________وہ کافی دیر

!!_____ تک بھائی اور بانو کی قبروں پر بیٹھ کہ روتی رہی

!!_____اچھا بانو اب میں چلتی ہوں

وہ گھر جانے کے لیے اٹھی

ویسے سہی کیا آپ نے ایسے انسان سے نفرت ہی کرنی چاہیے_____جو آپ سے بے حد

!!_____محبت کرتا ہو

وصی کافی دیر سے کھڑا مشال کی واپسی کا انتظار کر رہا تھا

آ.......آپ کون ہیں؟؟؟

مشال اس کو دیکھ کر گھبرا گئی

وصی احمد.............میں اسد کا بچپن کا دوست ہوں جس طرح بانو آپ کی بچپن کی

!!!_____دوست تھی

!!____وصی نے بڑے آرام سے جواب دیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

مشال نے اس کو پہچان لیا کیونکہ اسد اکثر اس کے ساتھ وصی کا ذکر کیا کرتا تھا

!!_______تھا

اسد ؟؟ کون اسد ؟

مشال جان بوجھ کر انجان بنی

!!____وہی اسد کچھ دیر پہلے جس کی باتیں کر کے آپ رو رہی تھی

وصی نے اسے یاد دلایا

!!____وہ میرا ماضی تھا_____اب میں اس سے نفرت کرتی ہوں

اس کے جواب میں کرب تھا

وجہ جان سکتا ہوں ؟؟

وصی نے سوال کیا

بھائی کے قاتل سے محبت کون کرتا ہے ؟؟

مشال نے الٹا سوال کیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Kaho to Laut jate Hain | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

بھائی کے قاتل سے نفرت کریں ضرور کریں______لیکن تمہارے بھائی اور بانو کا

!!______قاتل اسد نہیں کوئی اور ہے

وصی نے بڑے یقین سے کہا

!!...کک........کوئی اور کون اس ثبوت اس کے خلاف ہیں

مشال کو یقین نا آیا

!!____کبھی کبھی جو نظر آتا ہے حقیقت اس کے بر عکس ہوتی ہے

وصی نے ایک بار پھر اس کو یقین دلانا چاہا

!!....میں اس کے بارے میں کوئی اور بات نہیں کرنا چاہتی

مشال یہ کہہ کر تیزی سے گھر کی طرف چلنے لگی

وہ آج بھی تم سے بہت پیار کرتا ہے______اور میں یہ بھی جانتا ہوں کہ شاید تم ابھی

!!_____بھی اسے چاہتی ہو

وصی نے اونچی آواز میں کہا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

لیکن وہ اس کی بات کا جواب دیئے بغیر چلتی رہی بلکہ اس کے قدموں کی رفتار اور بھی تیز ہو گی

ذیشان راؤ اور اس کا باپ بڑے خوش تھے________کیونکہ ان کے رستے کی سب سے بڑی رکاوٹ بانو مر چکی تھی________اور اب کوئی عینی شاہد باقی نہیں تھا !!______

کاشی شکر ہے وہ مر گئی اور ہماری جان چھوٹی________ورنہ میری تو زندگی عذاب بن کہ رہ گی تھی !!______

ذیشان راؤ نے ہنستے ہوئے کہا

راؤ صاحب اب اسد کو سزا ہو جائے گی ؟؟

کاشی نے پوچھا

اب تو وہ دو سے تین پیشوں کی مار ہے کاشی !!______

اس نے زور سے قہقہ لگایا

راؤ صاحب پھر پارٹی تو بنتی ہے !!______

کاشی نے دانت نکالے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!______چل آج تیری پارٹی بھی کر دیتے ہیں

وہ اس کی بات سمجھ گیا

چل میرے کمرے سے ایک بوتل اٹھا کہ لا اور دھیان رکھنا______پاپا کی نظر پڑ گئی تو ہم

!!_____دونوں گئے کام سے

اس کے بعد کافی دیر تک کسی کی موت کا جشن منایا گیا

تھوڑے عرصے بعد ہی دونوں فریقین کی جانب سے وکیلوں نے اپنے اپنے دلیل مکمل کر لیے_______جس کے بعد جج نے فیصلہ محفوظ کر کے آگے دو دن بعد کی تاریخ دے دی _______کہ عدالت دو دن بعد اپنا فیصلہ سنائے گی________بظاہر اسد کا کیس کمزور لگ رہا تھا_______جس کی وجہ سے حیدر علی کے چہرے پر خوف کے تاثرات واضح طور پر دیکھے جا سکتے تھے_____لیکن اس کے برعکس اسد بلکل نارمل تھا اور اس کے چہرے پر کہیں خوف نظر نہیں آ رہا تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہیلو وصی کیسے ہو؟؟

کنول نے وصی کے کال اٹھاتے ہی کہا

میں ٹھیک ہوں آپ کیسی ہیں؟

وصی نے کنول کی خیریت دریافت کی

میں تم سے ناراض ہوں؟

کنول نے منصوعی خفگی کا اظہار کیا

مجھ سے لیکن کیوں؟؟

وصی نے سوال کیا

عامر کہہ رہا تھا کہ تم نے جاب کرنے سے انکار کر دیا ہے____ اگر سیلری کا مسئلہ ہے تو بتاؤ میں حل کروا دیتی ہوں____!!

کنول نے آفر کی

نہیں ایسی کوئی بات نہیں ہے____ میں بس اپنے آپ کو اس جاب کے قابل نہیں سمجھتا____!!

وصی نے انکار کر دیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

دیکھو وصی عامر بہت پریشان ہے______وہ تم پر بھروسہ کرتا ہے اس لیے وہ تمہیں کسی بھی قیمت پر روکنا چاہتا ہے______!!

کنول عامر کے لیے فکر مند تھی

سوری میں آپ کو اپنا فیصلہ سنا چکا ہوں____!!

وصی حتمی فیصلہ کر چکا تھا

وصی پلیز میں پہلی بار آپ سے کوئی کام کہہ رہی ہوں______اور تم ہو کے انکار کر رہے ہو______!!

وصی کشمکش میں مبتلا تھا کہ اب اس کو کیا جواب دے

اچھا مم.........میں کچھ سوچتا ہوں______!!

وصی نے جان چھوڑوائی ____!!

اچھا ٹھیک ہے لیکن پلیز زیادہ مت سوچنا.........!!!

کنول نے درخواست کی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اچھاٹھیک ہے______اس نے کال کاٹ دی________اور سوچ میں پڑ گیا______!!

____

عدالت لگی تھی اور آج اسد کے کیس کا فیصلہ سنایا جانا تھا_______عدالت میں اسد کا باپ حیدر علی اور عثمان راؤ بھی موجود تھا اور ان کے ساتھ مشال کا باپ اور مشال بھی تھی جبکہ ذیشان راؤ بھی ٹانگ پر ٹانگ رکھے بیٹھا تھا________عدالت میں معزز جج کے آنے پر سب کھڑے ہو گے____!!

اسد کو کٹھرے میں لا یا گیا______مشال کی اسد کو دیکھ کر دھڑکنے بے ترتیب ہونے لگی تھی________اسد نے مشال کو دیکھا اور ہلکا سا مسکرایا______مشال نے اسد کو دیکھ کر نظریں چرائیں_____!!

عدالتی کاروائی شروع کی جائے___!!

جج نے سیٹ سنبھالتے ہی حکم سنایا____!!

کچھ ضروری کاغذات کی چیکنگ کے بعد جج نے اپنا فیصلہ سنانا شروع کیا_____!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

تمام گواہوں بیانوں اور ثبوتوں کو مد نظر رکھتے ہوئے یہ عدالت اس نتیجے پر پہنچی ہے کہ عدالت ملزم اسد علی کو دفعہ 302 کے تحت جرم ثابت ہونے پر سزائے موت کا حکم............!!

!!_____ ایک منٹ جج صاحب

!!____ جج نے نظر اٹھا کر دیکھا

وصی ٹہلتا ہوا کمرہ عدالت میں داخل ہوا______اسد وصی کو دیکھ کر مسکرایا جب کے باقی اب لوگ وصی کو دیکھ کر حیرت ذدہ ہو گے_____کیونکہ عدالت میں عادل اور وصی کا باپ بھی موجود تھا_____!!!

آپ کون؟؟

معزز جج نے سوال کیا

جناب اعلی میرا نام وصی احمد ہے_______اور میں اسد علی کا بچپن کا دوست ہوں____جج صاحب اپنا فیصلہ سنانے سے پہلے میں آپ کو کچھ دیکھانا چاہتا ہوں

!!_____ ______تا کہ سچ سب کے سامنے لا کر بے گناہ کو سزا ہونے سے بچایا جائے

وصی نے اعتماد سے جواب دیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اگر آپ کے پاس ایسا کوئی ثبوت ہے جو ملزم اسد علی کو بے گناہ ثابت کرتا ہے تو عدالت میں پیش کریں_______!!!

یہ........یہ کک.......کیا ہو رہا جج صاحب یہ سب عدالت کو گمراہ کرنے کے لیے کیا جا رہا ہے____!!

عثمان راؤ غصے سے آگ بگولا ہو گیا_____!!

بیٹھ جائیں عثمان صاحب_____یہ عدالت ہے قومی اسمبلی کا اجلاس نہیں_____جس میں کوئی بھی اٹھ کر ہنگامہ آرائی شروع کر دے_______!!

جج نے سختی سے بیٹھنے کا حکم دیا...!!

عثمان راؤ لہو کے گھونٹ پی کر رہ گیا_______سب حیران تھے کہ وصی کے پاس ایسا کیا ہے جو اسد کو بے گناہ ثابت کر سکتا ہے_____!!

جج کے حکم پر عدالت میں ایل سی ڈی کا بندوبست کیا گیا اور اس میں وصی احمد کی طرف سے ثبوت کے طور پر پیش کی گی ویڈیو چلائی گئ________!!

ویڈیو دیکھ کر عثمان راؤ کے طوطے اڑ گے_____!!

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Kaho to Laut jate Hain | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیونکہ اس وڈیو واضح طور پر سنا اور دیکھا جا سکتا تھا کہ کاشی اور ذیشان راؤ خود اپنی زبان سے ریحان اور بانو کے قتل کا اقرار کر رہے تھے_____اور کس طرح عثمان نے اسد علی کو گناہ گار ثابت کرنے کے لیے ریکارڈ ختم کروایا_____یہ وہی گفتگو تھی جس میں کاشی ذیشان راؤ کو اسد کے لاہور ہوٹل میں ہونے کے ثبوت کے بارے میں بتا رہا تھا_____اور کاشی یہ بھی کہتا ہے کہ اگر پولیس کو شک ہو گیا کہ ریحان کو ہم نے قتل کیا ہے تو ہم سب مارے جائیں گے_____اب سچ سب کے سامنے آ چکا تھا ذیشان راؤ کو کمرہ عدالت سے گرفتار کر لیا گیا اور جج نے مزید کاروائی کا حکم دیا_____اس ثبوت کے بعد

!!_____اگلی پیشی پر اسد کو باعزت بری کر دیا گیا

اسد نے ہتھکڑیاں کھلتے ہی بھاگ کر وصی کو گلے لگایا_____اور وہ دونوں دیر تک ایک دوسرے سے لپٹے رہے_____دونوں کی آنکھیں نم تھیں_____لیکن یہ آنسو

!!_____خوشی کے تھے

پاپا میں نے کہا تھا نا کہ کسی نے مجھ سے وعدہ کیا ہے کہ وہ مجھے کچھ نہیں ہونے دے

!!_____گا

!!_____اسد نے مسکراتے ہوئے باپ کے گلے سے لگ گیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Kaho to Laut jate Hain | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!_____حیدر علی نے اسد سے ملنے کے بعد وصی کو بھی گرم جوشی سے گلے لگایا

شکریہ بیٹا تم نے دوست کا حق ادا کر دیا_______میں تمہارا یہ احسان کبھی نہیں بھولوں

!!____گا

!!____انکل میں نے کوئی احسان نہیں کیا ہے یہ میرا فرض تھا

وصی شرمندہ سا ہو گیا

سوری بیٹا میں نے تمہارے ساتھ بہت زیادتی کی_____لیکن آج مجھے احساس ہو گیا ہے

!!_____کہ دوستی ہی وہ واحد رشتہ ہے جس میں خون کا رشتہ ہونا ضروری نہیں ہے

حیدر علی نے وصی سے معذرت کی

!!_____انکل اب آپ مجھے شرمندہ کر رہے ہیں

!!_____.وصی نے ایک بار پھر حیدر کے گلے لگ گیا

!!____اس کے بعد عادل اور اس کا باپ بھی وصی کے ساتھ مل کر بہت خوش ہوئے

!!____اسد نے مشال کے باپ کے پاس جا کر معافی مانگی

انکل میں آپ سے ہاتھ جوڑ کر معافی مانگتا ہوں____کہ مجھ سے جو بھی غلطیاں سرزد

!!____ہوئی میں ان کے لیے شرمسار ہوں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!...مشال کے باپ نے پرنم آنکھوں سے اسد کو دیکھا اور سر پر ہاتھ پھیرا

!!_______ جیتے رہو بیٹا

اس سے زیادہ وہ کچھ نا کہہ سکا اور سر جھکا کر وہاں سے چل دیا_______مشال بھی اس کے

!!_______ساتھ تھی......وہ بھی باپ کے پیچھے چلی

!!_____مشال کیا اب بھی مجھ سے نفرت کرتی ہو

اسد نے جاتے دیکھ کر سوال کیا

مشال نے پیچھے مڑ کر دیکھا____اس کی آنکھیں بھی نم تھیں

!!_______نفرت تو شاید تم سے کر ہی نہیں سکی

اس کے بعد وہ رکی نہیں تیز تیز قدم اٹھاتی ہوئی باپ کے پیچھے جانے لگی_______اور

اسد اس کو جاتے دیکھتا رہا______حیدر علی نے اسد علی کے کندھے پر ہاتھ

رکھا_______اس نے مڑ کر دیکھا تو حیدر علی نے مسکرا کر اثبات میں سر

ہلایا______ جیسے کہہ رہا بیٹا فکر نا کرو میں ہوں نا

حیدر علی نے مشال کے گھر جا کر ہاتھ جوڑ اسد کے لیے ایک بار پھر مشال کا ہاتھ مانگا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

________اس بار وہ بھی انکار نا کر سکا________کیونکہ وہ بھی عثمان اور ذیشان راؤ کی حقیقت جان چکا تھا اس لیے کچھ دنوں بعد اسد اور مشال کی شادی دھوم دھام سے کر دی گئ______________جس پر راؤ فیملی میں شدید غصہ پایا گیا______کیونکہ ان کو شکست فاش ہو چکی تھی__________لیکن پتہ نہیں لوگ یہ کیوں بھول جاتے ہیں کہ ہر عروج کو زوال ہے____کچھ دنوں بعد ذیشان راؤ کو سزائے موت سنادی گئ

____

!!_______اس دن بہت زیادہ سردی تھی سب اپنے کمروں میں ہیٹر لگا کر بیٹھے تھے

!!___ تم دن بدن اور بھی خوبصورت ہوتی جا رہی ہو

اسد نے مشال کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کہا

!!______مشال نے شرما کر آنکھیں جھکا لیں

!!_______باتیں بنانا تو کوئی آپ سے سیکھے

نہیں سچ کہہ رہا ہوں____یقین نہیں آتا تو کسی سے بھی پوچھ لو______تمہاری یہ خوبصورت آنکھیں یہ گورے گورے ہاتھ......اف اللہ سب قیامت ڈھاتے ہیں دلوں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Kaho to Laut jate Hain | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

پر ____

!!____اس نے مشال کے ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں میں لے کر کہا

اچھا تو پھر یہ بتاو ________ مجھ سے زیادہ پیار کرتے ہو یا وصی سے ؟

!!____ وہ اس کے اور قریب ہو کر بولی

دیکھو وصی کے ساتھ مقابلہ کرو گئی تو ہار جاؤ گیٔ ________ وہ میرا دل گردہ جگر آنکھیں

!!____ سب کچھ ہے

اس نے صاف گوئی سے کہا

اور میں کیا ہوں تمہاری؟؟

مشال نے آنکھیں دکھائی

تم میری آنکھوں کی روشنی ہو ________ دل کی دھڑکن ہو ________ اور جسم میں

!!_____ جان کی طرح ہو جس کے بغیر میں ادھورا ہوں بلکل ادھورا

!!_____ اسد نے مشال کے گالوں کو اپنے ہاتھوں کے پیالے میں لے لیا

مشال پیار بھری نظروں سے اسد کو دیکھنے لگی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیا دیکھ رہی ہو______؟؟

اسد نے اس کو اس طرح گھورتے دیکھ کر پوچھا

!!____ دروازے پر دستک ہوئی

!!....اسد نے غصے سے اونچی آواز میں پوچھا

!!_____سر وصی صاحب آئے ہیں آپ سے ملنا چاہتے ہیں

ملازم نے جواب دیا

!!____ ان کو بٹھاو میں ابھی آیا

اسد نے جلدی سے جواب دیا

سوری جانی________آ کر وہی سے شروع کریں گے_____مشال کو اس پر بے حد

پیار آ رہا تھا وہ اس کو جاتے دیکھ کر مسکرائی

!!____خدا تم دونوں کی دوستی اور محبت ہمیشہ قائم رکھے

مشال نے دل ہی دل میں دعا دی

وصی نے سردی کی وجہ سے کوٹ پہنا ہوا تھا اور وہ اسد کے گھر میں گیٹ کے سامنے والے

!!!_______لان میں ٹہل رہا تھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Kaho to Laut jate Hain | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

سگریٹ کب سے پینے لگے ہو؟؟

اسد نے وصی کو گھورا

بس کبھی کبھی پی لیتا ہوں ____!!

وصی نے آگے بڑھ کر اسے گلے لگایا

کبھی کبھی یا جب کنول راؤ کی یاد آتی ہے تب _____!!

اسد نے اسے چھیڑا

کیونکہ وصی جیل میں ہونے والی خفیہ ملاقاتوں میں اسے کنول کے بارے میں بتا چکا تھا ____!!

وصی نے مسکراتے ہوئے کش لگایا لیکن اس کی بات کو نظر انداز کر دیا _____!!

میں نے تمہیں دسٹرب تو نہیں کیا _____!!

ہاں بلکل کیونکہ اس وقت میں مشال کے ساتھ بڑے بڑے خواب دیکھ رہا تھا ______!!

اس نے قہقہ لگایا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

بڑے لوگ بھی بڑے خواب دیکھتے ہیں_____آج پتہ چلا ہے

!!....وصی نے اسے بھڑکایا

!!_______چل کمینے مار کھائے گا مجھ سے اب چھوٹے یا بڑے کی باتیں شروع کی تو

اسد نے اسے پیار سے ڈانٹا

!!_____معاف کرنا یار بس دل نہیں لگ رہا تھا اس لیے تیرے پاس آگیا

!!___وصی نے اس وقت آنے کی وجہ بتائی

!!____ تیرے لیے یہ دروازے ہر وقت کھلے ہیں

اسد نے ہاتھوں کو پھیلایا

ہاں وہ تو ٹھیک پر پر پلیز یہ کتا مت کھولا کریں_______مجھے اس سے بڑا ڈر لگتا ہے

وصی نے اسد کے پالتو کتے کی طرف اشارہ کیا_______جو ان دونوں کے آگے پیچھے گھوم رہا تھا اور کبھی اسد کے پاوں میں لیٹ کر اپنی محبت کا اظہار کر رہا تھا

اسد نے وصی کی بات سن کر بے اختیار قہقہ لگایا

!!___وہ کافی دیر باتیں کرتے رہے اور مسکراتے رہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!______اچھا یار میں چلتا ہوں کافی وقت ہو گیا ہے اور مجھے بھی نیند آ رہی ہے

وصی نے کرسی سے اٹھتے ہوئے انگڑائی لی

____ اسد نے اٹھ گلے لگایا

ٹھیک پھر کل ملتے ہیں

!!___کمینے دروازے تک بھی ساتھ نہیں جائے گا

وصی نے شکوہ کیا

!!_____ کیوں نہیں......اسد اس کے ساتھ گیٹ کے باہر تک آیا

دونوں نے ایک دوسرے کو الوداع کہا

کنول کے بارے میں کچھ نہیں بتاؤ گے ؟؟؟

اسد نے پیچھے سے آواز دی

!!______ اس کی شادی ہے اگلے ماہ

!!...وصی نے پیچھے مڑ کر جواب دیا اور ہلکا سا مسکرایا

جواب میں اسد بھی مسکرایا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایک گولی تیزی سے آئی اور وصی کے سینے میں پیوست ہو گی ________ گولی کی آواز پر

اسد نے چونک کر دیکھا ______!!

وصی زمین پر پڑا تھا ____!!

وصی..........!!!

اسد دوڑتا ہوا ہوا وصی کی طرف آیا...!!

گولی کی آواز پر اسد کے گارڈز بھاگتے ہوئے آئے اور جس طرف سے گولی کی آواز آئی تھی

اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی ____!!

و.....وصی یہ.......کک......کیا ہو گیا میرے یار...!!

اسد نے روتے ہوئے وصی کا سر اپنی گود میں رکھا....!!

وصی نے بمشکل مسکرا کر اسد کو دیکھا _______!!

مم........میں تمہیں کچھ نہیں ہونے دوں گا _______!!

گاڑی نکالو..............جلدی کرو گاڑی نکالو......!!

اسد گلا پھاڑ کے چلایا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ک......کچھ.......فائدہ........نن.......نہیں.......ہہ......ہو گا کیونکہ کہ

گولی__________یہاں.........پ......پہ لگی ہے

اس نے دل پر انگلی رکھی

م.......مرنے........کا.........د....دکھ......نن.....نہیں ہے........

دکھ......اس....بات......کا......ہے.......

کہ......تمہارے.......جیسا.......دوست.....چھوڑ کر جا رہا ہوں

اس کے آنکھوں سے آنسو ٹپ ٹپ گرنے لگے

نن.......نہیں میں تمہیں جانے نہیں دوں گا........نہیں جانے دوں گا......اسد نے روتے ہوئے سر کو زور زور سے نفی میں ہلایا

!!______وصی نے اپنا ہاتھ آہستہ آہستہ سے اٹھایا اور اسد کے گالوں پر پھیرا

!!_________اسد کے کپڑے وصی کے خون سے لت پت ہو چکے تھے

حملہ آور بھاگ چکے تھے جبکہ کہ ان کا ایک ساتھی زخمی حالت میں پکڑا جا چکا تھا__________اتنی دیر میں ڈرئیور گیٹ سے باہر گاڑی نکال چکے تھے______!!

مشال اوپر کمرے میں کھڑی بے ہوش ہو کر گر پڑی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Kaho to Laut jate Hain | By Mohammad Waseem Baloch (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسد نے وصی کو اٹھا کر گاڑی میں ڈالنے لگا لیکن وہ اس کی بانہوں جھولنے لگا__________کیونکہ اس کی سانسیں اس کے جسم سے پرواز کر چکی تھی

وصی..........وصی..........وصی......اسد زور سے چیخا

بب......بات کرو......وصی.....تت......تم......مجھے اس طرح چھوڑ کر نہیں جا سکتے____دد......دیکھو.......مم.........میں تم سے......ناراض ہو جاؤں گا

آج وہ اس کی کسی بھی بات کو ماننے سے قاصر تھا__________اور ہمیشہ کے لیے دوستی پر قربان ہو گیا

وصی کو ہسپتال تو لے جایا گیا______لیکن وہ تو اسد کے ہاتھوں میں ہی دم توڑ چکا تھا

زخمی حملہ آور کو پولیس کے حوالے کر دیا گیا__________تفتیش کرنے پر عثمان راؤ کا نام سامنے آیا اس نے اپنے بیٹے کا بدلہ لینے کے لیے اسد اور وصی کو مارنے بھیجا تھا.....لیکن اسد تو بچ گیا اور بدقسمتی سے وصی مارا گیا_______عثمان راؤ کو پولیس نے گرفتار کر لیا

اس طرح اسد ایک انتہائی وفادار دوست سے محروم ہو گیا______دوستی ہی وہ واحد رشتہ _😰😰_______ ہے جس کو نبھانے کے لیے خون کا رشتہ ہونا ضروری نہیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ختم شد

Crazy Fans Of Novel
Welcome To The Group

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

امید ہے آپ کو یہ ناول پسند آیا ہو گا اپنی قیمتی رائے سے ہمیں ضرور آگاہ کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے اللہ آپ کے لیے بھی خیر و

عافیت کا معاملہ فرمائے

آمین

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel